مطبوعات

ارکانِ اسلام | تالیف: مولانا عبید الحق۔ قیمت پانچ روپے۔ طابع و ناشر: المکتبۃ العلمیہ ۱۵۔ لیک روڈ، لاہور۔ صفحات ۲۵۵۔ کتابت اور طباعت عمدہ۔

یہ کتاب ہائی سکول کے طلبہ وطالبات کے لیے مرتب کی گئی ہے۔ فاضل مصنّف نے اس میں بڑے دلنشین انداز میں اسلام کی بنیادی تعلیمات کی وضاحت فرمائی ہے عقائد سے لیکر نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ سب موضوعات بڑی تفصیل سے زیرِ بحث آگئے ہیں۔ البتہ کہیں کہیں عنوانات کی ترتیب ضرور کھٹکتی ہے مثلاً جنت اور دوزخ کے بیان کے بعد، طہارت کا بیان شروع ہوتا ہے۔ پھر رسالت کے باب میں اگر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ اقدس پر ذرا زیادہ مکمل کر بحث کر دی جاتی تو اس سے کتاب کی افادیت میں یقیناً اضافہ ہوتا۔ اسی سلسلہ میں عقیدۂ ختمِ نبوت کی وضاحت بھی بڑی ضروری تھی۔ ہمیں امید ہے کہ فاضل مصنف نقشِ ثانی کے وقت ہماری ان گزارشات کو پیشِ نظر رکھیں گے۔ کتاب بہر حال بڑی قابلِ قدر ہے اور اس سے نہ صرف طلبا اور طالبات بلکہ عام مسلمان بھی کافی فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ کتاب کے سارے مبحث قرآن وسنت سے ماخوذ ہیں۔ فاضل مصنّف نے اس میں کوئی بات ایسی نہیں لکھی جو اہلِ سنت کے مسلک سے ہٹی ہوئی ہو۔

اَن دیکھی حقیقتیں توحید، رسالت، آخرت | تالیف: محترم کوثر نیازی صاحب۔ طابع و ناشر آئینہ ادب، چوک مینار، انارکلی۔ لاہور۔ قیمت ۲/۸ روپے۔ صفحات ۱۹۲۔ کتابت و طباعت نہایت عمدہ۔

محترم کوثر نیازی صاحب نے اس مختصر کتاب میں توحید، رسالت اور آخرت کے متعلق اسلامی عقائد کی تشریح و تفہیم فرمائی ہے۔ فاضل مصنف کے پیشِ نظر چونکہ جدید تعلیم یافتہ